## پریس ریلیز!

میر چاکر خان رند یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی ڈیرہ غازیخان کا چودھواں سینڈیکیٹ کا اجلاس 07-01-2025بروز منگل یونیورسٹی کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا ۔ جس میں جناب پروفیسر ڈاکٹر محمود سلیم وائس چانسلر میر چاکر خان رند یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی ڈیرہ غازیخان نے صدراتی فرائض کو سر انجام دیتے ہوئے نئے آنے والے تمام ممبران کو خوش آمددید کہا ۔ جن میں پروفیسر ڈاکٹر عامر اعظم وائس چانسلر خواجہ غلام فرید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی رحیم یار خان ، ڈاکٹر اللہ بخش ملک ریکٹر غازی نیشنل انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ سائنس ڈیرہ غازی خان ،پروفیسر ڈاکٹر فضل احمد خالد ریکٹر غلام اسحاق خان انسٹیٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ، نعمان مقبول راؤپی ایچ ای سی لاہور، عمران رشید( ASایڈمین)نمائندہ سیکریٹری ICI&SDD، سید افتخار حسین شاہ TEVTAلاہور، پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران وائس چانسلر محمد نواز شریف یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ملتان ، شاہد امتیاز ایڈیشنل ڈائریکٹر (ایڈوائزری )نمائندہ لاء ڈیپارٹمنٹ ، پروفیسر ڈاکٹر روبینہ فاروق کامسٹ یونیورسٹی لاہور کیمپس،ڈاکٹر فریحہ ظفر فاؤنڈنگ ہیڈ آف پی ایچ ڈی پروگرام ریسرچ ہیڈ آف موبائل اینڈ کمیونیکشن سسٹم ، جناب علی احمد خان لغاری ایم پی اے PP-290 اور محمد عارف خان مستوئی رجسٹرار میر چاکر خان رند یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی ڈیرہ غازیخان نے شرکت کی ۔ اس اجلاس کی کاروائی میں مختلف ایجنڈوں جیسا کہ سابقہ سینڈیکیٹ کی پراگریس رپورٹ ، منٹس کی منظوری ، سالانہ رپورٹ ِ کارکردگی ، نامزد گی برائے سلیکشن بورڈ، فنانشل پلاننگ کمیٹی ، بورڈ آف فیکلٹی ، افیلیشن کمیٹی کے ممبران کی منظوری دی گئی ۔ اس کے ساتھ سینڈیکیٹ کے ممبران نے وائس چانسلر صاحب اوران کی ٹیم کی 4 سالہ کارکردگی رپورٹ کو بہترین قرار دیا اور یونیورسٹی کے ملازمین کے لیے کارکردگی کی بنیاد پر اعزازیہ کی منظوری دی۔ آخر میں وائس چانسلر صاحب LMS، Library Management System، Alumni Management System، Employee Task Management Systemاور Launching of New Website کا افتتاح سینڈیکیٹ کے ممبران سے کرایا جو ٹیکنالوجی کے دور میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا اور اس کے ساتھ وائس چانسلر صاحب نے شرکت کرنے والے تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔


Welcome to
the Honorable
Members of the Syndicate




Welcome to
the Honorable
Members of the Syndicate

